© rasailojaraid.com



## دارالعلوم کے شب و روز

شفیق فاروقی

● ۲ر اکتوبر۔ وفاقی وزیر اطلاعات جناب محمود اعظم فاروقی صاحب بعد از مغرب تشریف لائے حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ سے گھر پر ملاقات کی اور کچھ دیر تک ان کے ساتھ رہے۔

● ۷ر اکتوبر۔ محترم ایڈیٹر الحق حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کی عیادت کے لئے راولپنڈی تشریف لے گئے اور دو دن ان کے ساتھ رہے۔

● ۱۰ر اکتوبر۔ وفاقی وزیر صحت جناب میر صبح صادق کھوسو صاحب حضرت شیخ الحدیث کی زیارت کے لئے دارالعلوم تشریف لائے۔ دفتر الحق میں ان کو ضیافت دی گئی۔ گھنٹہ بھر حضرت کے ساتھ رہے۔ اس کے بعد دارالحدیث میں طلبہ اور اساتذہ کے اجتماع سے مختصر خطاب فرمایا اور قومی حکومت کے عزائم اسلامی پر روشنی ڈالی اس سے قبل مولانا سمیع الحق صاحب نے وزیر موصوف کا خیر مقدم کیا اور اس اہم منصب کے لئے مولانا مفتی محمود صاحب کے حسن انتخاب کو خراج تحسین پیش کیا۔ جمعیۃ طلباء اسلام دارالعلوم کی طرف سے مولوی عنایت اللہ ڈیروی متعلم دارالعلوم نے موصوف کو سپاسنامہ پیش کیا وزیر صحت کو محترم ایڈیٹر صاحب نے اکوڑہ خٹک، نوشہرہ کلاں دریر پیائی کے ہسپتالوں کا بھی معائنہ کرایا۔


**مدرسہ تعلیم الاسلام** (تبلیغی کالج) مجاہد آباد۔ حب ریور روڈ، کراچی ۱۷ فون ۲۳۸۲۴۶

## داخلہ فارغ التحصیل طلباء

برائے میٹرک (ہیومنٹیز گروپ) از ۲۵ ستمبر ۷۸ء تا یکم نومبر ۷۸ء

۱۔ طلباء کو درسی کتب و اسٹیشنری وغیرہ مدرسہ کیطرف سے مہیا کی جائے گی۔

۲۔ بورڈ کے امتحانات کی فیس وغیرہ مدرسہ ادا کرے گا۔

۳۔ طلباء کو اپنی رہائش و خوراک کا خود انتظام کرنا ہوگا۔ اس کے لئے مدرسہ ہر ایک طالب علم کو دو سو روپے ماہوار بطور وظیفہ ادا کریگا۔

۴۔ آمد و رفت کے لئے مدرسہ کی بس ٹرانسپورٹ مہیا ہوگی۔

طلباء اپنے شناختی کارڈ کی تین فوٹو اسٹیٹ کاپیوں کے ساتھ پرنسپل سے رجوع کریں۔


© rasailojaraid.com